سوال

امام کا رکوع میں انتظار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب امام حالت رکوع میں ہواور وہ یہ محسوس کرے کہ کچھ نمازی جلدی سے آ رہے ہیں تاکہ رکوع مین مل جائیں توکیا امام کے لئے ان کا انتظار کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس احالت میں امام کے لئے افضل یہ ہے کہ رکوع سے سر اٹھانے میں جلدی نہ کرے تاکہ جولوگ رکعت پالینے کے شوق میں امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہونا چاہتے ہیں وہ شامل ہوجا ئیں لیکن امام کواس قدرتاخیر بھی نہیں کرنی چاہیئے جس سے امام کے ساتھ شریک مقتدیوں کوتکلیف ہواس حالت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قدرے انتظار کرلینا مستحب ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

ج1ص501

محدث فتویٰ